© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرہ

## معارف القرآن

مصنف : مولانا قاضی زاہد الحسینی صاحب - دارالارشاد کیمبل پور

صفحات ۳۱۰ قیمت درج نہیں

پیش نظر کتاب حضرت قاضی صاحب کی مشہور تصنیف کا تیسرا ایڈیشن ہے جسے بیش قیمت اضافوں کے بعد شائع کیا گیا ہے۔ قرآنی مطالب اور معارف کیلئے جن قواعد و ضوابط اور علوم کی ضرورت ہے متقدمین اور متاخرین نے ان پر بیش قیمت کتابیں لکھی ہیں حضرت قاضی صاحب نے جن کا علوم و معارف قرآنیہ سے خاص شغف ہے، اردو زبان میں اس ضرورت کو باحسن طریقہ پورا فرمادیا اور ایسے بیشمار فوائد اور لطائف کو اس کتاب میں سمیٹ دیا ہے۔ جو قرآن فہمی کیلئے کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔ خاص طور سے تفسیر، تاویل اور تحریف کی حقیقت سے بحث کرتے ہوئے موجودہ دور کے کئی تحریفی اور اجتہادی فتنوں کی بھی نقاب کشائی فرمائی ہے۔ اہل علم اور قرآن فہمی کے شائق حضرات کیلئے اس کتاب کا مطالعہ ضروری ہے۔ اجلہ علماء اور اکابر نے فاضل مصنف کی اس سعی کو شاندار الفاظ میں سراہا ہے اور بلاشبہ مؤلف کی اس عرق ریزی محنت اور تحقیق و تجسس کی جتنی بھی تحسین ہو کم ہے۔

## تنقید متین بر تفسیر نعیم الدین

مولانا ابو زاہد محمد سرفراز خاں صاحب

صفحات : ۲۲۴ ——— قیمت ۲/۵۰ روپے

ملنے کا پتہ :- ماسٹر اللہ دین انجمن اسلامیہ گکھڑ منڈی ——— گوجرانوالہ

حضرت مولانا سرفراز خاں صاحب کا قلم سنت کی اشاعت و مدافعت اور علمی و تحقیقی کاموں میں ہمیشہ رواں دواں رہتا ہے۔ تنقید متین میں مولانا موصوف نے مولانا احمد رضا خاں صاحب کے ترجمہ قرآن کریم اور ان کے شاگرد خاص مولوی نعیم الدین مراد آبادی کی تفسیر کے بعض مقامات پر مدلل علمی انداز میں تنقید کی ہے۔ اور واضح کیا ہے۔ کہ اس ترجمہ و تفسیر میں بیشمار باتیں مسلک اہل سنت سے خلاف اور قرآن و حدیث اجماعِ امت اور ائمہ دین و اکابر اسلام کی تصریحات سے ہٹی ہوئی ہیں۔ مصنف کا انداز تحقیقی اور ناصحانہ ہے۔ اس لئے علم و تحقیق کے میدان میں خفگی اور جذبات کی بجائے فریق ثانی کو بھی علمی انداز اور متانت سے کام لینا مناسب ہے مصنف کی یہ کتاب ترجمہ اور تفسیر مذکورہ کی تمام اغلاط کا تعاقب نہیں۔ بلکہ الاہم فالاہم کی بناء پر اہم خامیوں

© rasailojaraid.com